نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت کینولہ کے نمائشی پلاٹوں کی کاشت کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور **09** ستمبر **2021:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت ضلع بہاولپور، بہاولنگر، فیصل آباد، جھنگ، قصور، خانیوال، لودھراں، میانوالی، بھکر، ملتان، مظفر گڑھ، اوکاڑہ، سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی کے ایسے کاشتکار جو 12 ایکڑ تک قابل کاشت اراضی کے مالک مرد و خواتین درخواست دینے کے اہل ہیں جو نمائشی پلاٹ کے علاوہ تین ایکڑ مزید رقبہ پر کینولہ کاشت کریں گے۔اس ضمن میں مشترکہ کھاتہ رکھنے والے زمیندار بھی اہل ہوں گے۔قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکار محکمہ زراعت کی سفارشات کے مطابق نمائشی پلاٹ کاشت کرنے کا پابند ہوگا۔خواہشمند کاشتکار اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) یا زراعت آفیسر (توسیع) کے دفاتر سے درخواست فارم مفت حاصل کر سکتے ہیں یا محکمہ زراعت کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے مفت ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔**کاشتکار 25 ستمبر 2021 تک درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر میں جمع کروا سکتے ہیں۔** ترجمان نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے ایک ایکڑ نمائشی پلاٹ کے اخراجات زیادہ سے زیادہ 15 ہزار فی ایکڑ ادا کیے جائیں گے۔قرعہ اندازی متعلقہ ڈویژن کے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **28 ستمبر 2021** کو ہوگی۔

☆☆☆☆